روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 22/اگست 2006ء 26/رجب 1427ہجری 22ظہور 1385ہش جلد 56-91 نمبر 187

کوئی روایت نہیں بھولی

حضرت ابوہریرہؓ نے ایک دفعہ رسول کریم ﷺ سے عرض کیا کہ میں آپ سے جو باتیں سنتا ہوں وہ بھول جاتا ہوں میرے لئے دعا کریں۔آپؐ نے فرمایا ابوہریرہ چادر پھیلاؤ۔ابوہریرہؓ نے چادر پھیلائی۔آپؐ نے دعا کی اور پھر وہ چادر ابوہریرہؓ کو اوڑھا دی۔ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ اس کے بعد مجھے کوئی روایت نہیں بھولی۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب حفظ العلم حدیث نمبر:116)

حضرت نبی کریم ﷺ کی قبولیت دعا کے واقعات کا ایمان افروز تذکرہ

اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو تمام انبیاء اور تمام اولین وآخرین پر فضیلت بخشی ہے

اس فانی فی اللہ کی دعاؤں کا مستحق بننے کیلئے اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کریں اور خدا کے حضور جھکے رہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 18/اگست 2006ء بمقام بیت الفتوح لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 18/اگست 2006ء کو بیت الفتوح لندن میں حضرت نبی پاک ﷺ کے قرب الٰہی کے بلند مقام کا ذکر کرتے ہوئے آپؐ کی قبولیت دعا کے ایمان افروز واقعات بیان فرمائے اور احباب جماعت کو توجہ دلائی کہ آنحضرت ﷺ کی دعاؤں کا مستحق بننے کیلئے اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کریں اور خدا کے حضور جھکے رہیں۔حضور انور کا یہ خطبہ احمدیہ ٹیلی ویژن نے براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا اور متعدد زبانوں میں اس کا رواں ترجمہ بھی نشر کیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں آنحضرت ﷺ سے یہ اعلان کروایا کہ اے لوگو اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو۔اس صورت میں وہ بھی تم سے محبت کرے گا اور تمہارے قصور تمہیں بخش دے گا۔

حضور انور نے فرمایا کہ جس ہستی کا اللہ تعالیٰ سے ایسا تعلق ہو کہ اس کی پیروی سے اللہ کی محبت حاصل ہو جائے اور گناہ معاف ہو جائیں اس کا خدا سے کتنا مضبوط تعلق ہوگا اور خدا اس کی عام باتوں کو بھی دعا کے رنگ میں قبول کر لیتا ہوگا چنانچہ اس بات کا احساس خود آنحضرت ﷺ کو بھی تھا کہ میری عام بات بھی دعا کے رنگ میں قبول ہو سکتی ہے اس لئے آپ یہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے میرے پروردگار میں بھی عام انسانوں کی طرح لوگوں سے ناراض بھی ہوتا ہوں اور خوش بھی۔اگر میں کسی کیلئے بددعا کروں اور وہ اس کا اہل نہ ہو تو میری یہ بددعا اس کیلئے قیامت کے دن اس کی پاکیزگی کا باعث بن جائے۔

آنحضرت ﷺ کے اس بلند مقام کا ذکر کرتے ہوئے سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ میں ہمیشہ تعجب کی نگاہ سے دیکھتا ہوں کہ یہ عربی نبی جس کا نام محمدؐ ہے (ہزار ہزار درود اور سلام اس پر) یہ کس عالی مرتبہ کا نبی ہے اس کے عالی مقام کا انتہا معلوم نہیں ہو سکتا۔اس نے خدا سے انتہا درجہ محبت کی اور انتہائی درجہ پر بنی نوع انسان کی ہمدردی میں اس کی جان گداز ہوئی اس لئے خدا نے اسے تمام انبیاء اور تمام اولین وآخرین پر فضیلت بخشی اور اس کی مرادیں اس کی زندگی میں اس کو دیں۔

حضور انور نے آنحضرت ﷺ کی قبولیت دعا کے چند واقعات بیان کرتے ہوئے فرمایا ایک دفعہ مدینہ میں سخت قحط پڑا ایک بدو نے خطبہ جمعہ کے دوران کہا کہ اے اللہ کے رسول مال مویشی خشک سالی سے ہلاک ہو گئے۔آپ دعا کریں کہ خدا بارش دے۔آنحضرت ﷺ نے دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے اس وقت آسمان پر کوئی بادل نہ تھے لیکن آنحضرت ﷺ کے ہاتھ ابھی نیچے نہ گرے تھے کہ بادل امڈ آئے اور منبر سے نہ اترے تھے کہ بارش شروع ہو گئی اور ایک ہفتہ تک بارش خوب برستی رہی پھر اگلے جمعہ وہی شخص دوران خطبہ کھڑا ہوا اور کہا کہ اس قدر بارش برس رہی ہے کہ مکانات گرنے لگے ہیں۔مال مویشی ہلاک ہو رہے ہیں اب بارش کے رکنے کیلئے دعا کریں۔آنحضرت ﷺ نے دعا کی کہ اے اللہ بادلوں کو ارد گرد لے جا اور ہم پر نہ برسا۔تب اسی وقت بارش تھم گئی۔

ایک دفعہ حضرت انسؓ کی والدہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول انس کے مال و اولاد میں برکت کیلئے دعا کریں۔چنانچہ آنحضرت ﷺ کی دعا کی برکت سے حضرت انس کا باغ سال میں دو مرتبہ پھل دیتا اور ان کو اللہ تعالیٰ نے بیٹے بیٹیاں، پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں 80 سے بھی زائد عطا فرمائے اور خود انسؓ نے 103 سال عمر پائی۔

ایک دفعہ دوس قبیلہ کے سردار طفیلؓ بن عمرو نے عرض کیا کہ میری مسلسل تبلیغ اور دعوت اسلام کے باوجود میری قوم انکار کر رہی ہے۔ان کے خلاف بددعا کریں اس پر آنحضرت ﷺ نے دعا کی کہ اے اللہ دوس قبیلہ کو ہدایت دے۔چنانچہ آپؐ کی دعا کی برکت سے دوس قبیلہ کے تمام لوگ جو ستر خاندان تھے ایمان لے آئے۔حضرت ابوہریرہؓ کا تعلق بھی دوس قبیلہ سے تھا جو اسی دعا کا پھل تھے۔ان کی والدہ مشرک تھیں۔ایک روز ان کی والدہ نے آنحضرت ﷺ کے بارے میں نازیبا الفاظ استعمال کئے اس پر حضرت ابوہریرہ بڑے کرب کے ساتھ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا واقعہ عرض کیا۔آنحضرت ﷺ نے دعا کی کہ اے اللہ ابوہریرہؓ کی والدہ کو ہدایت دے۔چنانچہ جب حضرت ابوہریرہؓ گھر گئے تو ان کی والدہ نے قبول اسلام کی گواہی دی۔حضور انور نے حضرت نبی کریم ﷺ کی قبولیت دعا کے متعدد ایمان افروز واقعات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اس فانی فی اللہ کی دعاؤں کا مستحق بننے کیلئے اپنی حالتوں میں پاک تبدیلی پیدا کریں اور خدا کے آگے جھکتے چلے جائیں۔

خطبہ ثانیہ کے دوران حضور انور نے فرمایا کہ گزشتہ خطبہ جمعہ میں، میں نے امریکہ کے دورہ کے بارے میں دعا اور مشورہ کیلئے کہا تھا چنانچہ احباب نے یہی مشورہ دیا کہ نہ جائیں حضور انور نے فرمایا کہ برطانیہ کے جلسہ کے دنوں میں مبارکباد کے قریباً 25-30 ہزار خطوط آئے۔سب کا جواب دینا تو مشکل ہے میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ احمدیت کی ترقی کے نظارے ہمیں دکھاتا رہے اور اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

احمدی وکلاء کیلئے سنہری موقع

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

”بعض ایسے پیشے والے ہیں جن کو ان دنوں چھٹیاں ہوتی ہیں۔مثلاً بعض عدالتیں بند ہو جاتی ہیں وہاں جو احمدی وکیل وکالت کا کام کرتے ہیں وہ بھی اپنی زندگی کے چند ایام اشاعت علوم قرآنی کیلئے وقف کر سکتے ہیں۔“ (الفضل 10۔اگست 1966ء)

ماہ اگست میں چونکہ عدالتیں بند ہوتی ہیں اس لئے احمدی وکلاء حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی اس آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنی رخصتوں کا بہترین استعمال کر سکتے ہیں۔اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو اور مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔آمین

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد۔تعلیم القرآن ووقف عارضی)

داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

1۔جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخلہ کیلئے کم از کم معیار میٹرک پاس مقرر ہوا ہے۔داخلہ کے بعد پہلی ٹرم کا نتیجہ جائزہ کیلئے بورڈ میں پیش ہوگا۔

2۔میٹرک پاس امیدوار کی عمر 17 سال اور ایف اے/ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 19 سال ہوگی۔

3۔انٹرویو کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو۔

4۔قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔

5۔مقامی امیر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔

6۔فضل عمر ہسپتال کی تفصیلی میڈیکل رپورٹ کے مطابق صحت درجہ اول ہو۔

(میڈیکل چیک اپ انٹرویو میں کامیابی کے بعد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ہوگا)

7۔انٹرویو مورخہ 2 ستمبر 2006ء کو بوقت صبح 7 بجے دفتر وکیل الدیوان تحریک جدید میں ہوگا۔

نوٹ:۔انٹرویو کے وقت میٹرک/ایف اے/ایف ایس سی کی اصل سند/رزلٹ کارڈ اور فوٹو کاپی ساتھ لائیں۔

مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

Ph: (047-6213563), (0345-7894022)

فیکس نمبر: 047-6212296

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

مکرم لئیق احمد طاہر صاحب۔ پرنسپل جامعہ احمدیہ

جامعہ احمدیہ یوکے (لندن) کے پہلے سالانہ تقریری مقابلے

بفضل اللہ تعالیٰ جامعہ احمدیہ کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے جامعہ احمدیہ لندن نے بھی امسال مورخہ 29/جون 2006ء کو سالانہ تقریری مقابلوں اور سالانہ عشائیہ کا اہتمام کیا۔ جس میں اردو اور انگریزی زبان کے تقریری مقابلوں میں کل 16 طلباء نے ذوق وشوق سے حصہ لیا اور انعامات حاصل کئے۔ جماعت یوکے کے بعض بزرگان بھی اس میں شامل ہوئے اور جملہ مہمانان، سٹاف اور طلبہ نے سالانہ عشائیہ میں بھی شرکت کی اس طرح اللہ تعالیٰ کے فضل سے جامعہ احمدیہ ربوہ کی طرز پر یہاں بھی یہ سالانہ روایت قائم ہوگئی۔

جیسا کہ احباب کو علم ہے کہ یکم اکتوبر 2005ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے مبارک ہاتھوں سے لندن میں یوکے اور یورپ کے پہلے جامعہ کا افتتاح عمل میں آچکا ہے۔ اور اس لحاظ سے یہ ہمارے طلبہ کا یہاں پر اردو سیکھنے کا پہلا سال ہے۔ اور ایسے طلبہ جو یورپ سے یہاں آ کر داخل ہوئے ہیں اور جنہوں نے اس سے قبل کسی ادارے میں داخل ہوکر باقاعدہ اردو زبان کی تدریس حاصل نہیں کی ان کے لئے اردو میں تقریر کرنا ایک چیلنج تھا۔ مگر الحمدللہ کہ طلبہ نے اس چیلنج کو خوشی سے قبول کیا۔ پھر ایک چیلنج یہ بھی تھا کہ ان تقاریر کے صرف دو ہفتہ بعد ہی طلبہ کا سالانہ امتحان بھی آ رہا تھا۔ مگر طلبہ نے چند دن کے اندر اندر ہی اپنی اپنی تقاریر خواہ اردو زبان میں تھیں یا انگریزی زبان میں خود ہی تیار کیں۔ خود ہی ان کی مشق کی۔ البتہ بعض نکات پر انہوں نے اساتذہ سے مشورہ ضرور کیا۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ چونکہ امسال دنیا بھر کی جماعات احمدیہ، جامعہ احمدیہ کے قیام کے سو سال پورے ہونے پر صدسالہ جوبلی کی تقاریب بھی منعقد کررہی ہیں لہذا مرکز کی طرف سے اس سال تحریری اورتقریری مقابلہ جات کے لئے موضوع مقرر کردیا گیا ہے یعنی:

''جماعت احمدیہ اور دعوت الی اللہ''۔

Ahmadiyya Jamaat in the service of the Holy Quran.

اردو زبان میں تقریری مقابلے کے منصفین درج ذیل احباب تھے:

1۔ مکرم مولانا منیر الدین احمد صاحب (چیف جج)
2۔ مکرم مولانا عبدالباسط شاہد صاحب
3۔ مکرم مولانا فیروز عالم صاحب

پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ:

اوّل: انصر بلال انور۔ دیانت گروپ۔
دوم: منصور احمد چٹھہ۔ امانت گروپ۔
سوم: سید سلمان شاہ۔ دیانت گروپ

انگریزی زبان میں تقریری مقابلہ کے لئے درج ذیل احباب نے منصفی کے فرائض انجام دئے:

1۔ مکرم ڈاکٹر افتخار احمد ایاز صاحب (چیف جج)
2۔ مکرم مولانا طاہر سلبی صاحب۔
3۔ مکرم خواجہ نعیم احمد صاحب۔

پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ:

اوّل: عطاء النصیر۔ امانت گروپ
دوم: عطاء القدوس۔ امانت گروپ
سوم: یاسر عتیق فوزی۔ صداقت گروپ۔

نتائج کا اعلان ہونے پر خاکسار نے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے۔ اور بعد از دعا تمام حاضرین کی خدمت میں جن میں مہمانوں کی تعداد 35 سے زائد تھی عشائیہ پیش کیا گیا۔ اور اس طرح یہ مبارک تقریب اپنے کامیاب اختتام کو پہنچی۔

قارئین سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ طلباء جامعہ کو حضرت اقدس مسیح موعود کا منشاء پورا کرنے کی توفیق بخشے۔

(الفضل انٹرنیشنل 21 جولائی 2006ء)

بیویوں سے حسن سلوک کی تاکید

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 2 جولائی 2004ء میں فرمایا:۔

''بعض ایسی شکایات بھی آتی ہیں کہ ایک شخص گھر میں کرسی پہ بیٹھا اخبار پڑھ رہا ہے، پیاس لگی تو بیوی کو آواز دی کہ فریج میں سے پانی یا جوس نکال کر مجھے پلادو۔ حالانکہ قریب ہی فریج پڑا ہوا ہے خود نکال کر پی سکتے ہیں اور اگر بیوی بیچاری اپنے کام کی وجہ سے یا مصروفیت کی وجہ سے یا کسی وجہ سے لیٹ ہوگئی تو پھر اس پر گرجنا، برسنا شروع کردیا۔ تو ایک طرف تو یہ دعویٰ ہے کہ ہمیں آنحضرت ﷺ سے محبت ہے اور دوسری طرف عمل کیا ہے، ادنیٰ سے اخلاق کا بھی مظاہرہ نہیں کرتے اور کئی ایسی مثالیں آتی ہیں جو پوچھو تو جواب ہوتا ہے کہ ہمیں تو قرآن میں اجازت ہے عورت کو سرزنش کرنے کی۔ تو واضح ہو کہ قرآن میں اس طرح کی کوئی ایسی اجازت نہیں ہے۔ اس طرح آپ اپنی ذاتی دلچسپی کی وجہ سے قرآن کو بدنام نہ کریں۔

......آجکل دیکھیں ذرا ذرا سی بات پر عورت پر ہاتھ اٹھا لیا جاتا ہے حالانکہ جہاں عورت کو سزا کی اجازت ہے وہاں بہت سی شرائط ہیں اپنی مرضی کی اجازت نہیں ہے۔ چند شرائط ہیں ان کے ساتھ یہ اجازت ہے اور شاید ہی کوئی احمدی عورت اس حد تک ہو کہ جہاں اس سزا کی ضرورت پڑے۔ اس لئے بہانے تلاش کرنے کی بجائے مرد اپنی ذمہ داریاں سمجھیں اور عورتوں کے حقوق ادا کریں۔ (مشعل راہ جلد پنجم حصہ دوم ص 47)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

۞ مکرم محمد سلیم صاحب جاوید سیکرٹری وقف جدید واہ کینٹ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بڑے بیٹے مکرم محمد نعیم جاوید صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 13۔ اگست 2006ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے نومولود کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت ذیشان احمد جاوید عطا فرمایا ہے جو وقف نو کی بابرکت اور مبارک تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم احمد سعید اختر صاحب واپڈا ٹاؤن لاہور کا نواسہ ہے اسی طرح مکرم میاں فضل کریم بھیروی صاحب اور مکرم فضل الرحمٰن بسمل صاحب سابق امیر جماعت بھیرہ کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک صالح اور خادم دین بنائے والدین کیلئے قرۃ العین بنائے نیز صحت وتندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین

ضرورت اساتذہ

۞ نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ میں میتھ پڑھانے کیلئے ایک مرد استاد کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب حلقہ کی تصدیق سے بنام چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن لکھ کر خاکسار کو جلد از جلد بھجوادیں۔

تعلیمی قابلیت: ایم۔ ایس۔ سی (Math) کم از کم سیکنڈ ڈویژن

انٹرویو: مورخہ 31۔ اگست 2006ء بوقت 8 بجے صبح

(پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

اعلان داخلہ

۞ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور نے مورخہ 9۔ اگست کے روزنامہ ڈان میں ماسٹر لیول پروگرام میں داخلہ کیلئے انٹری ٹیسٹ کا جو اعلان کیا تھا اس میں تبدیلی کی گئی ہے اب نیا شیڈیول مورخہ 16۔ اگست روزنامہ جنگ میں شائع کیا گیا ہے اس کے مطابق ہی انٹری ٹیسٹ کا انعقاد ہوگا اس لئے طلبہ سے درخواست ہے کہ یہ نیا شیڈیول ملاحظہ کرلیں اور اس کے مطابق ہی انٹری ٹیسٹ میں شمولیت اختیار کریں۔

۞ بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی ملتان نے درج ذیل انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کا اعلان کردیا ہے۔ بی ایس سی ٹیکسٹائل انجینئرنگ، بی ایس سی انجینئرنگ (سول کمپیوٹر آرکیٹکچرل میکینکل اینڈ الیکٹریکل) بی ایس سی ایگریکلچرل انجینئرنگ، بی ایس سی (آنرز) ایگریکلچر ڈاکٹر آف ویٹرنری میڈیسن (5 سالہ) بیچلر ان بزنس ایڈمنسٹریشن، بیچلر ان بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی ٹی آنرز) بی بی اے آنرز (ساہیوال اینڈ ڈی جی خان کیمپسز) بیچلر ان کمپیوٹر سائنس، بیچلر آف سائنس (باٹنی کیمسٹری، میتھ میٹکس، فزکس، سٹیٹسٹکس اینڈ زوآلوجی، فارم ڈی، بیچلر آف فائن آرٹس، بیلچر آف ڈیزائننگ، بی اے (انگلش لٹریچر اینڈ لینگوسٹکس) بی اے، ایل ایل بی (5 سالہ) درخواست فارم مورخہ 24۔ اگست 2006ء سے دستیاب ہونگے۔ جبکہ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 ستمبر 2006ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے مورخہ 16۔ اگست 2006ء کی روزنامہ ڈان ملاحظہ کریں۔

۞ بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی ملتان نے پوسٹ گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے جن کی تفصیل یہ ہے عربی، اپلائیڈ، سائیکالوجی، اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس باٹنی، بزنس ایڈمنسٹریشن، ایم بی اے (آئی ٹی، بینکنگ) کیمسٹری، کمپیوٹر سائنس، اکنامکس، ایجوکیشن، انگلش، فائن آرٹس، ہسٹری، اسلامک سٹڈیز، ایل ایل بی، ایل ایل ایم، ماس کمیونیکیشن، میتھ میٹکس، پاکستان سٹڈیز، پولیٹیکل سائنس، فزکس، فلاسفی، سوشیالوجی، سٹیٹسٹکس، سرائیکی، اردو، زوآلوجی، درخواست فارم مورخہ 24۔ اگست 2006ء سے دستیاب ہیں اور داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2006ء سے ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 16۔ اگست 2006ء ملاحظہ کریں۔

۞ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور نے ایم فل لیڈنگ ٹو پی ایچ ڈی اینڈ پی ایچ ڈی ڈگری پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 26۔ اگست 2006ء ہے جی آر ای ٹیسٹ 2 ستمبر 2006ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 16۔ اگست 2006ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

خریداران الفضل متوجہ ہوں

۞ تمام خریداران الفضل اپنے پتہ کی تبدیلی کی اطلاع دفتر الفضل کو بروقت دیا کریں تا کہ اخبار ضائع نہ ہو اور جن خریداران کو اخبار الفضل باقاعدگی کے ساتھ موصول نہیں ہو رہا وہ بھی تحریری طور پر دفتر ہذا کو آگاہ کریں تا کہ اخبار کی ترسیل کو یقینی بنایا جاسکے۔

(مینیجر الفضل)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

جلسہ پر آنے والے مہمانوں کی خدمت کو احسن طور پر انجام دینے کے لئے کارکنان جلسہ کو نہایت اہم نصائح

جلسہ کے دنوں میں باوجود ڈیوٹیوں کے بوجھ کے اور باوجود ناقابل برداشت چیزوں کا سامنا کرنے کے ہمیشہ مسکراتے رہنے کی کوشش کریں

ان دنوں میں جہاں آنے والوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ بھی دعاؤں میں وقت گزاریں وہاں کارکنان کو بھی اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اپنے اس خدا کو نہ بھولیں جو ہمیشہ ہماری مدد فرماتا رہا ہے

عزت مآب ڈاکٹر احمد تیجان کابا صاحب صدر مملکت سیرالیون کی بیت الفتوح میں آمد اور نماز جمعہ کی ادائیگی

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مؤرخہ 21رجولائی 2006ء (21روفا 1385ہجری شمسی) بمقام بیت الفتوح، لندن۔ برطانیہ

(خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

آجکل یہاں احمدی ماحول میں جلسہ سالانہ کی رونقیں شروع ہو چکی ہیں، الحمدللہ۔ اللہ تعالیٰ اگلے جمعہ کو ایک اور جلسہ کی برکات دکھانے کے سامان پیدا فرما رہا ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور برطانیہ کے مرد وزن اس جلسے کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ ایک بہت بڑی تعداد تو ایسی ہے جو جلسے کی برکات سے فیضیاب ہونے کے لئے تیاریاں کر رہی ہے اور بڑی بے چین ہے اور ایک تعداد کارکنان کی ہے وہ بھی اب خاصی تعداد ہو چکی ہے، عورتیں، مرد اور بچے ملا کر تقریباً پانچ ہزار کارکنان ہیں۔ تو یہ وہ لوگ ہیں جو حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنے والے ہیں اور بے چین ہیں کہ جلد جلسے کی ڈیوٹیاں شروع ہوں اور وہ اس خدمت کو بجالا سکیں اور ثواب حاصل کرنے والے بنیں جو مہمان نوازی کرنے سے ملتا ہے۔ اور پھر یہ مہمان نوازی تو ایسے مہمانوں کی مہمان نوازی ہے جو حضرت مسیح موعود کے مہمان ہیں جو اپنے روحانی، علمی اور اخلاقی معیاروں میں بہتری کے لئے جمع ہو رہے ہیں۔ جو خدا تعالیٰ کے دین کی باتیں سننے کے لئے جمع ہو رہے ہیں۔ بہرحال یہ جو خدمت کرنے والے ہیں ان میں بچے بھی ہیں، جیسا کہ میں نے کہا جوان بھی ہیں، عورتیں بھی ہیں، بڑی عمر کے لوگ بھی اور تجربہ کار لوگ بھی شامل ہیں اور ہر ایک اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان دنوں میں ایک ہی طرح پر جوش نظر آتا ہے۔

نئی جلسہ گاہ پر وقار عمل شروع ہیں۔ وہاں بڑے جوش سے کام ہو رہے ہیں اور پھر یہ ڈیوٹیاں دینے والے اس انتظار میں ہیں کہ جلد وہ دن آئیں جب جلسہ شروع ہو اور ہم اپنی ڈیوٹیاں شروع کریں کیونکہ بعض ڈیوٹیاں جلسے کے ساتھ ہی شروع ہوتی ہیں۔ اور اس طرح پھر خدمت کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے بنیں۔ گو بعض قسم کی ڈیوٹیاں جیسا کہ میں نے کہا شروع ہو چکی ہیں۔ جلسہ گاہ کی تیاری کے لئے پہلے سے تیاریاں شروع ہو جاتی ہیں اور کچھ انشاء اللہ تعالیٰ پرسوں جب معائنہ ہوگا تو اس کے بعد سے کافی حد تک شروع ہو جائیں گی اور مکمل طور پر 100 فیصد ڈیوٹیاں تو جلسہ کے دن سے ہی شروع ہوتی ہیں۔

اس خطبے میں جو جلسے سے ایک جمعہ پہلے کا خطبہ ہے عموماً برطانیہ کے رہنے والوں، خاص طور پر ان کارکنان کو جو ڈیوٹیاں دینے کے لئے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں، ان کو ان کی ڈیوٹیوں کے بارے میں یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے فرائض کس طرح ادا کرنے ہیں، کس طرح مہمان نوازی کرنی ہے، کس طرح ان لوگوں کی خدمت کرنی ہے جو حضرت مسیح موعود کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس نیک مقصد کے لئے جمع ہو رہے ہیں جو ان کو روحانی اور اخلاقی ترقی کی طرف لے جانے والا مقصد ہے۔ گو کہ جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ تمام کارکنان جن کو کسی بھی ڈیوٹی کے لئے مقرر کیا گیا ہے، بڑے پر جوش ہیں اور ان میں سے بہت سارے خط لکھ کر دعا کے لئے بھی کہتے ہیں اور اگر ملاقات ہو تو زبانی بھی دعا کے لئے کہتے ہیں کہ دعا کریں کہ ہمارے سپرد جو کام ہوا ہے ہم احسن رنگ میں اسے سرانجام دے سکیں اور کوئی ایسی بات نہ ہو جائے جو مہمانوں کے لئے تکلیف کا باعث ہو یا جلسے کے انتظام میں خرابی کا باعث ہو یا انتظامیہ کے لئے پریشانی کا موجب بنے یا مجھے لکھتے ہیں کہ آپ کے لئے کسی قسم کی تکلیف کا باعث ہو۔ ظاہر ہے حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی مہمان نوازی میں کوئی بھی خلل یا کوئی بھی خرابی یا ان کے کسی بھی قسم کی تکلیف میں مبتلا ہونے سے مجھے سب سے زیادہ تکلیف کا احساس ہوگا اور ہونا چاہئے **کیونکہ U.K کے جلسے کا تصور خود بخود غیر محسوس طور پر مرکزی جلسے کا ہو گیا ہے۔ کیونکہ پاکستان سے ہجرت کے بعد یہی ایک جلسہ ہے جس میں باقاعدگی سے خلیفۂ وقت کی شمولیت ہوتی ہے اور جب لوگ اس سوچ اور اس نظریہ کے ساتھ دور دراز ملکوں سے اس جلسے میں شمولیت کے لئے آتے ہیں کہ غیر اعلانیہ طور پر ہی سہی لیکن ہے یہ مرکزی جلسہ، کیونکہ خلیفۂ وقت اس میں موجود ہوگا اور خلیفۂ وقت کی اس جلسہ میں موجودگی میں وقت گزارنے کا زیادہ سے زیادہ ہمیں موقع ملے گا تو ظاہر ہے پھر مجھے بھی حضرت مسیح موعود کے ان پیارے مہمانوں کی مہمان نوازی کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئے اور ان کی تکلیف پر تکلیف پہنچنی چاہئے۔**

اس لئے اپنی فکر کو دور کرنے کے لئے اس خطبے میں جو جلسے سے ایک ہفتے پہلے کا خطبہ ہے، جیسا کہ میں نے کہا کارکنان کو ان کی ڈیوٹیوں کے بارے میں توجہ دلائی جاتی ہے تاکہ وہ مہمانوں کی زیادہ سے زیادہ خدمت کر سکیں۔ یہ توجہ اس لئے بھی دلائی جاتی ہے کہ عموماً تو ہر کارکن بڑے جوش سے اس انتظار میں ہے کہ ہم ڈیوٹیاں دیں لیکن کارکنان کی یاد دہانی کے لئے کہ ان کو جو کام پہلے کرنے والے ہیں ان کی یاد دہانی ہو جائے اور پھر بہت سارے نئے بھی شامل ہو رہے ہوتے ہیں، ان کو بھی پتہ لگ جائے۔ ان نئے شامل ہونے والوں میں بچے بھی ہوتے ہیں جو بچپن کی عمر سے اطفال کی ڈیوٹیوں میں شامل ہو رہے ہوتے ہیں یا اطفال کی عمر سے خدام کی ڈیوٹیوں میں جو زیادہ ذمہ داری کا کام ہے اس میں شامل ہو رہے ہوتے ہیں، ان کو توجہ دلائی جائے اور

نوجوانوں کو بھی اس طرف توجہ ہو جائے، ان کو بھی مہمان نوازی کی اہمیت کا پتہ لگ جائے۔ تو جیسا کہ میں نے کہا ہے عمومی طور پر تو سب جوان، بچے، بچیاں، لڑکے، مرد اپنے فرائض ادا کرنے کے لئے بڑے پُرجوش ہیں اور انتظار میں ہیں کہ کب ہمیں حضرت مسیح موعود کے ان مہمانوں کی خدمت کا موقع ملے، لیکن یاددہانی معیار کو مزید بہتر کرنے اور خامیوں پر نظر رکھنے میں مدد دیتی ہے۔

سو اس لئے مختصراً ایک بات کی طرف میں توجہ دلاؤں گا۔ باتیں تو بہت ساری ہیں لیکن اسی بات میں باقی باتیں آ جائیں گی۔ اس ضمن میں جو بڑی ضروری بات ہے، ہمیشہ میں کہا کرتا ہوں کہ مجھے بعض مہمانوں کا علم ہے کہ جب وہ آتے ہیں تو یا تو بڑی توقعات رکھتے ہیں یا طبعاً اتنے حسّاس ہوتے ہیں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے لئے کسی بھی کارکن یا میزبان کی طرف سے ذرا سی بھی اونچ نیچ نہیں ہونی چاہئے۔ بعض مہمان غلطی پر ہوتے ہوئے بھی اپنے آپ کو صحیح ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ **لیکن ایک کارکن کا، ایک میزبان کا کام یہ ہے کہ اپنے جذبات کو کنٹرول میں رکھتے ہوئے ہر حال میں مہمان کا خیال رکھے اور اسے کسی بھی قسم کی ناراضگی کا موقع نہ دے، گو کہ بعض صورتوں میں یہ بڑا مشکل کام ہے لیکن جب آپ نے جلسے کے مہمانوں کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو پیش کر دیا تو پھر ظاہر ہے کہ قربانی بھی کرنی پڑے گی** اور جب اپنے جذبات کی قربانی کرتے ہوئے اس مشکل کام کو سرانجام دیں گے تو تبھی اللہ تعالیٰ کے حضور زیادہ ثواب کے حقدار ٹھہریں گے۔

ہم تو اس نبی ﷺ کے ماننے والے ہیں جس نے مہمان نوازی کے ایسے اعلیٰ معیار قائم فرمائے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے کہ کیا اعلیٰ معیار تھے۔ آپؐ کی برداشت اور بلند حوصلگی کا مقابلہ ہی نہیں ہے لیکن وہ ہمارے لئے اسوہ حسنہ ہیں۔ جب آپؐ اپنی امت کو نصیحت کرتے تھے یا اپنے ماننے والوں یا صحابہ کو نصیحت کرتے تھے یا جو نصیحت ہمیں آپؐ نے کی ہے، اس کے اعلیٰ نمونے بھی آپؐ نے دکھائے ہیں۔ دیکھیں جب ایک مہمان آتا ہے، غیر مسلم ہے، سوتا ہے اور زیادہ کھانے کی وجہ سے یا کسی وجہ سے رات کو اپنے پر کنٹرول نہیں رہا یا شرارتاً بستر گندہ کر کے چلا گیا تو آپؐ نے برا نہیں منایا بلکہ صبح جب جا کے دیکھا تو خود ہی اس کو دھونے لگے۔

تو جیسا کہ میں نے کہا وہ تو ایک غیر تھا اور پتہ نہیں کس نیت سے یہ خراب کر کے گیا تھا۔ لیکن آپؐ نے اس کی غیر حاضری میں بھی اسے یہ نہیں کہا کہ یہ کیا کر گیا ہے۔ بلکہ صحابہؓ کہتے ہیں کہ باوجود ہمارے کہنے کے کہ ہمیں موقع دیں خود ہی بستر دھوتے رہے کہ نہیں وہ میرا مہمان تھا۔ آپؐ کی یہ بلند حوصلگی اور یہ نمونہ آپؐ نے اس لئے ہمارے سامنے قائم فرمایا ہے کہ آپؐ فرماتے تھے کہ جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتا ہے وہ اپنے مہمان کا احترام کرے۔

پس آپ کے مہمان جن کی مہمان نوازی آپ کے سپرد کی گئی ہے، جن کی مہمان نوازی کرنے کا انشاء اللہ تعالیٰ اب موقع مل رہا ہے، یہ تو وہ مہمان ہیں جو اللہ تعالیٰ کی خاطر یہاں جمع ہو رہے ہیں، اس لئے جمع ہو رہے ہیں کہ اللہ کے دین کی باتیں سنیں، اس لئے جمع ہو رہے ہیں کہ خدا کے مسیح نے انہیں بلایا ہے جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے۔ اور اس لئے بلایا ہے کہ سال میں ایک دفعہ جمع ہو اور اپنی تربیت کرو، اپنی روحانیت کو بہتر بناؤ۔ ان سے کسی ایسے انتہائی فعل کی تو توقع نہیں کی جا سکتی جیسا کہ اس کافر نے اس قسم کا گھٹیا کام کیا تھا لیکن اگر کسی مہمان کی طبیعت کی تیزی کی وجہ سے اس کے منہ سے کوئی سخت قسم کے الفاظ نکل جاتے ہیں یا وہ سخت الفاظ استعمال کر لیتا ہے تو کارکنان کو ہمیشہ درگزر سے کام لینا چاہئے اور درگزر سے کام لیتے ہوئے ان کی باتوں کا برا نہیں منانا چاہئے کیونکہ اس سے پھر مزید بدمزگی پیدا ہوتی چلی جاتی ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ ہر احمدی سے ہونا چاہئے، چاہے وہ مہمان ہو یا میزبان ہو، مرد ہو یا عورت ہو لیکن ہر دوسرے کا فعل اس کے ساتھ ہے۔ آپ جو کارکنان ہیں، میں آپ سے اس وقت مخاطب ہوں۔ مہمانوں کو تو نصیحت میں بعد میں کروں گا کہ آپ لوگوں کو ان دنوں میں بہت زیادہ وسیع حوصلے کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور اچھے اخلاق کی ایک اعلیٰ مثال قائم کرنی چاہئے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ہمیں فرماتا ہے (۔) (سورۃ البقرۃ: 84) یعنی لوگوں سے نرمی سے بات کیا کرو۔ تو یہ بات جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتائی ہے، اخلاق کو قائم کرنے کا ایک گُر ہے۔ یہ صرف خاص حالات کے لئے ہی نہیں ہے اور صرف خاص لوگوں سے ہی متعلق نہیں ہے بلکہ ہر وقت ہر ایک سے اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔ جب ایسی حالت پیدا ہو گی تو جہاں معاشرے میں آپس کا تعلق بڑھے گا، وہاں ایمان میں بھی ترقی ہو گی۔ عمومی طور پر جب یہ حکم ہے تو ان دنوں میں خاص طور پر اس حکم کی بہت زیادہ پابندی کرنی چاہئے۔ پس کارکنوں کو چاہئے کہ ہمیشہ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کرتے رہیں۔ جہاں وہ ان اعلیٰ اخلاق کی وجہ سے مہمان نوازی کا حق ادا کرتے ہوئے ثواب کما رہے ہوں گے اور پھر نتیجۃً یہ بات ان کے ایمان میں ترقی کا باعث بن رہی ہو گی، وہاں اس وجہ سے کہ انہوں نے دوسرے کی غلط بات پر ویسا ہی ردّعمل ظاہر نہیں کیا، ایسے کارکنان دوسرے شخص کو بھی یہ احساس دلانے کا باعث بنیں گے کہ احمدی معاشرہ نرمی، پیار، محبت اور بھائی چارے کا معاشرہ ہے۔ ہم یہاں اپنی تربیت کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کو سیکھنے اور ان پر عمل کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں اور یہ سختی کی باتیں تو اس مقصد سے مکمل طور پر تضاد رکھتی ہیں۔ اتنا تضاد ہے کہ جس طرح بُعد المشرقین ہوتا ہے۔ پس آپ کا، کارکنان کا خاموش رہنا اور سختی کی بات پر بھی نرمی سے جواب دینا بلکہ اپنی طبیعت پر جبر کرتے ہوئے انتہائی خوش خلقی سے جواب دینا دوسرے کو اس کی غلطی کا احساس دلانے کا اور اصلاح کرنے کا ایک عملی جواب ہو گا۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اعلیٰ اخلاق دکھاتے ہوئے خوش خلقی کا مظاہرہ کرنے والے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ میزان میں حسن خلق سے زیادہ وزن رکھنے والی کوئی چیز نہیں ہے (سنن ترمذی کتاب البرّ و الصله باب فی حسن الخلق) کہ میزان میں حسن خُلق سے زیادہ وزن رکھنے والی کوئی چیز نہیں ہے اور اچھے اخلاق کا مالک ان کی وجہ سے صوم و صلوٰۃ کے پابند کا مقام حاصل کر لیتا ہے۔ **اچھے اخلاق ایک نمازی کا درجہ دے جاتے ہیں، نیکیوں کی توفیق ملتی ہے، پھر اللہ کا خیال آتا ہے اور عملاً پھر ہر نیکی دوسری نیکی کی طرف لے کر جاتی ہے۔ انسان کی نیکیوں کا جو پلڑا ہے اس میں سب سے زیادہ وزن والی چیز حسن خلق ہے۔ ایک ترازو میں اگر نیکیاں رکھی جائیں تو جب نیکیوں کا وزن بڑھتا جائے گا تو سب سے زیادہ وزن ڈالنے والی جو چیز ہو گی وہ اچھے اخلاق ہیں اور نرمی سے مسکراتے ہوئے بات کرنا ہے۔** پس ان دنوں میں باوجود ڈیوٹیوں کے بوجھ کے، باوجود ناقابل برداشت چیزوں کا سامنا کرنے کے، ہمیشہ مسکراتے رہنے کی کوشش کریں اور یہ جو خوش خلقی کی ظاہری حالت کارکنان اپنے پر طاری کریں گے، چاہے دل نہ بھی چاہ رہا ہو تب بھی کرنی ہے، تو اس سے آپ کے بعض جو فوری ردعمل ہیں وہ بھی کنٹرول میں رہیں گے۔

دیکھیں ہمارے آقا حضرت محمد مصطفی ﷺ سے زیادہ مشکلات میں گھرا ہوا تو کوئی شخص نہیں تھا۔ کبھی کوئی پریشانی ہے، کبھی دشمنوں کی پریشانی ہے، کبھی جنگ کی پریشانیاں ہیں، کبھی کسی قسم کی تکلیفیں ہیں اور آپؐ سے زیادہ تو کسی کو تکلیفیں نہیں آئیں، سوچا بھی نہیں جا سکتا اور پھر یہ فکر کہ اللہ تعالیٰ نے جو کام سپرد کیا ہے اس کو مکمل کرنے کی ذمہ داری بھی ادا کرنی ہے۔ اگر دنیاوی لحاظ سے دیکھا جائے تو ہمہ وقت پریشانیوں میں گھرا ہوا انسان ہے اور اُمّت کی فکر اس قدر کہ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا اور یہ فکر اس لئے ہے کہ ان کی اصلاح کی جو ذمہ واری اللہ تعالیٰ نے ڈالی ہے، وہ کس طرح پوری ہو گی۔ اور جس قدر تقویٰ آپؐ میں تھا وہ تو کسی اور میں ہو نہیں سکتا اور اس وجہ سے جتنا تقویٰ زیادہ ہو اللہ تعالیٰ کے خوف کا معیار بھی اتنا بڑھ جاتا ہے، وہ بھی اتنا ہی اونچا تھا۔ اس اُمّت کے لئے اپنی فکر کا اظہار کرتے ہوئے اتنی پریشانی تھی کہ آپ خود فرماتے ہیں کہ مجھے تو سورۃ ھود نے بوڑھا کر دیا ہے۔ کیونکہ اسی سورۃ میں ان ذمہ داریوں کا حکم ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اپنی ذمہ

داری تو کوئی لے لیتا ہے کہ میں اصلاح کرلوں گا، دوسرے کی ذمہ داری لینا بہت مشکل کام ہے۔ لیکن آنحضرت ﷺ نے (اللہ تعالیٰ کا حکم تھا) یہ ذمہ واری لی اور اس فکر میں لی اور دعاؤں میں وقت گزارتے ہوئے اس کام کو پھر با حسن سرانجام بھی دیا۔ لیکن بہرحال ایک فکر ہمیشہ آپ کو رہی اور پھر اپنے زمانے کے مسلمانوں کی ہی نہیں بلکہ تا قیامت آنے والے مسلمانوں کی فکر بھی آپؐ کو رہی۔

اتنی ذمہ داریوں کے باوجود اور ایسی حالت کے باوجود آپ کے حسن خلق کا معیار کیا تھا کہ ایک صحابی عبداللہؓ بن حارث کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ کسی کو تبسم فرمانے والا نہیں پایا۔

کسی کا اتنا ہنستا مسکراتا چہرہ نہیں دیکھا جتنا آنحضرت ﷺ کا تھا۔ تو یہ ہیں معیار ہمارے پیارے نبی ﷺ کے۔ پھر آپؐ نے ہمیں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص نرمی سے محروم کیا گیا وہ خیر سے بھی محروم کیا گیا۔

پس نیکیاں کمانے اور خیر سمیٹنے کا یہ موقع ہے جو سال کے بعد ہمیں مل رہا ہے، اس میں ہر احمدی کو اور خاص طور پر کارکنان کو کوشش کرنی چاہئے کیونکہ مہمان نوازی کے ساتھ اور پھر حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی مہمان نوازی کے ساتھ، مہمان کی سخت بات پر درگزر کرنا اور اپنے آپ کو کنٹرول کرنا بھی حسن خلق ہے، یہ باتیں یقیناً آپ کو خیر و برکت سے بھر دیں گی بلکہ بے شمار خیر اور برکتیں اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں دے گا۔

مہمانوں کے نازک جذبات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ’’مہمان کا دل تو آئینے کی طرح نازک ہوتا ہے اور ذرا سی ٹھیس لگنے سے ٹوٹ جاتا ہے۔‘‘ پس یہ بھی ایک سبق ہے مہمانوں کی خدمت کرنے والوں کے لئے کہ ایک تو مہمان سے سختی نہیں کرنی۔ دوسرے اگر مہمان میں کوئی کمزوری ہے تو وہ آپ کے اعلیٰ اخلاق کو دیکھ کر اپنی حالت بدلنے کی کوشش کرے گا اور اس طرح آپ کسی کی اصلاح کا باعث بھی بن جائیں گے۔

پھر حضرت مسیح موعود نے ایک موقع پر فرمایا کہ "دیکھو بہت سے مہمان آئے ہوئے ہیں ان میں سے بعض کو تم شناخت کرتے ہو بعض کو نہیں کرتے اس لئے مناسب ہے کہ سب کو واجب الاحترام جان کر تواضع کرو۔"

پس یہ اصول ہمیشہ یاد رکھیں خاص طور پر شعبہ مہمان نوازی اور خوراک والے یہ بات پلّے باندھ لیں کہ کسی مہمان کو یہ احساس نہ ہونے دیں کہ فلاں مہمان کو زیادہ پوچھا گیا اور فلاں کو کم یا فلاں کے لئے بیٹھنے کے لئے زیادہ بہتر جگہیں تھیں اور فلاں کے لئے کم۔ ٹھیک ہے بعض جگہیں بنائی جاتی ہیں، بعضوں کا تقاضا ہے، مریضوں کے لئے، بیماروں کے لئے یا ایسے مہمانوں کے لئے جو کسی خاص ملک کے نمائندے ہیں اور ان کو وہاں زبان کی وجہ سے بٹھانا پڑتا ہے یا پھر ایسے ہیں جو غیر ہیں وہ آتے ہیں لیکن عمومی طور پر جو مہمان نوازی کا اصول ہے، سب مہمانوں سے ایک جیسا سلوک ہونا چاہئے۔

اس دفعہ پاکستان سے اور دوسرے ملکوں سے بھی بہت سے مہمان آئے ہیں اور آ رہے ہیں، جو پہلی دفعہ ملک سے باہر نکلے ہیں۔ تعلیم بھی معمولی ہے یا نہ ہونے کے برابر ہے۔ **کئی ایسے ہیں جو مجھے ملے ہیں اور بڑے جذباتی رنگ میں بتایا کہ ہم جلسے میں شامل ہونے کے لئے اور آپ کو ملنے کے لئے آئے ہیں اس لئے ایسے لوگوں کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ یہ نہ سمجھیں کہ غریب آدمی ہے تو اس کا خیال نہیں رکھنا۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ کسی کے پھٹے ہوئے کپڑے دیکھ کر یہ نہ سمجھو کہ اس کو مہمان نوازی کی ضرورت نہیں، مہمان مہمان ہے۔** کچھ تو آنے والے لوگ اپنے عزیزوں کے پاس ٹھہرے ہوئے ہیں لیکن بعض جماعتی نظام کے تحت بھی ٹھہرے ہوئے ہیں اور جلسے کے تین دنوں میں تو ان سب نے جماعتی مہمان ہی ہونا ہے۔ یہاں کی جو بعض چیزیں ہیں ان سے بعضوں کو ناواقفیت ہوگی، ان کے لئے بالکل نئی ہوں گی تو ان کا خیال رکھیں اور بغیر ان کو کسی قسم کا احساس دلائے ان کی خدمت کریں۔ بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جن لوگوں کے پاس ان کے عزیز یا دوست مہمان ٹھہرے ہوئے ہیں وہ شروع میں تو بڑے جوش سے گھر میں مہمان لے جاتے ہیں، دعوت بھی دیتے ہیں لیکن بعد میں بدمزگی پیدا ہو جاتی ہے۔ اپنے بہت ہی قریبی عزیزوں اور رشتہ داروں کی خدمت تو کر رہے ہوتے ہیں لیکن جو واقف کار یا کسی حوالے سے کسی دوسرے عزیز سے تعلق رکھنے والا اگر مہمان بن کر ٹھہرا ہوا ہے تو اس سے وہ ان قریبیوں والا سلوک نہیں ہوتا۔ تو یاد رکھیں کہ ان کا بھی اسی طرح خیال رکھیں۔ جب مہمان نوازی کی ذمہ داری اپنے سپرد لی ہے تو ان کا بھی اسی طرح خیال رکھنا ہوگا جس طرح اپنے قریبیوں کا رکھتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود کو دوسروں کی تکلیف کا کتنا احساس تھا، ایک روایت میں اس کا ذکر آتا ہے کہ گورداسپور کے سفر میں، جو مقدمے کے لئے کیا گیا تھا (کچھ جمعے پہلے میں نے اس سفر کی تفصیل بتائی تھی) بہت سے احباب بھی آپ کے ساتھ تھے اور اس مقدمے کی وجہ سے بہت سے لوگوں کے آنے کو حضور یہ سمجھتے تھے کہ یہ میری وجہ سے آئے ہیں اور اس لحاظ سے میرے مہمان ہیں۔ بابو غلام محمد صاحب آپ کے ایک (رفیق) تھے وہ کہتے ہیں کہ جب ہم گورداسپور پہنچے، سردی کے دن تھے تو رات کو کھانے کے بعد حضور نے ہم سب کو حکم دیا کہ تھکے ہوئے ہو سو جاؤ۔ کہتے ہیں ہم سب اپنے اپنے بستر بچھا کر لیٹ گئے تو کچھ دیر بعد ہی حضرت مسیح موعود خاموشی سے اٹھے اور لالٹین ہاتھ میں لے کر ہاتھ سے ٹٹول ٹٹول کر جو سوئے ہوئے لوگ تھے ہر ایک کے بستر کا جائزہ لینے لگے اور جس کے بستر کو بھی ہلکا دیکھا (ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی، باہر سردی تھی) اس پر اپنے بستر سے کوئی نہ کوئی چادر یا کمبل یا موٹا کپڑا لا کر ڈال دیتے تھے۔ کہتے ہیں کہ اس طرح چھ سات لوگوں کو اپنے بستر کی مختلف چیزیں دے کر حضرت مسیح موعود نے ڈھانکا۔ تو آپ کو یہ فکر اس لئے تھی کہ یہ لوگ آپ کی خاطر آئے ہوئے ہیں۔

پس آج ہمارا فرض ہے کہ اس سنت کو قائم رکھتے ہوئے آپ کی خاطر، حضرت مسیح موعود کی خاطر آئے ہوئے لوگوں کی بھرپور مہمان نوازی کریں۔ اس دفعہ پاکستان میں تو برٹش ایمبیسی نے کافی کھلے دل کا مظاہرہ کیا ہے اور کافی لوگوں کو ویزے دیئے ہیں، اللہ ان کو جزا دے۔ اب ہمارے مہمان نوازی کے نظام کا بھی اور یہاں کے لوگوں کا بھی یہ فرض ہے کہ جہاں بھی آنے والے مہمان ٹھہرے ہوئے ہیں ان کی مہمان نوازی کے اعلیٰ نمونے قائم کریں۔

ہمارے دیہاتوں کے لوگ آج بھی بہت مہمان نواز ہیں۔ شہروں سے رابطوں کی وجہ سے بعض برائیاں بھی ان میں آ گئی ہیں، بعض اچھی باتیں ختم بھی ہو گئی ہیں لیکن ابھی بھی مہمان نوازی کا جو وصف ہے دیہاتوں میں قائم ہے اور یہ دنیا میں تقریباً ہر جگہ ہے۔ اس لئے ان آنے والے مہمانوں کو اپنی مہمان نوازی کے نمونوں سے بتائیں کہ اعلیٰ اخلاق **اور مہمان نوازی کا جو خُلق ہے صرف پاکستان یا دوسرے غریب ملکوں کے دیہاتوں کے رہنے والوں کا خُلق نہیں ہے بلکہ اس زمانے کے امام کو ماننے کے بعد یہ خلق ہر احمدی کا خاصہ ہے، چاہے وہ یورپ میں رہتا ہو یا امریکہ میں رہتا ہو یا دنیا کے کسی بھی ملک میں رہتا ہو اور اخلاقی قدریں باوجود معاشرتی روایات اور معیار زندگی مختلف ہونے کے وہی ہیں جو** (دین) نے ہمیں سکھائی ہیں، جس کے نمونے آنحضرت ﷺ اور پھر آپؐ کے غلام صادق حضرت مسیح موعود نے ہمیں دکھائے ہیں۔ پس اعلیٰ اخلاق اور مہمانوں کے ساتھ مسکراتے ہوئے اور خوش خلقی سے بات کرنا یہ ان دنوں میں خاص طور پر آپ کی ایک پہچان ہونی چاہئے۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ اس دفعہ انشاء اللہ یہ جلسہ نئی جگہ حدیقۃ المھدی میں منعقد ہو رہا ہے۔ اس علاقے کے لوگوں کو بعض فکریں تھیں، جب زمین لی گئی تو بہت زیادہ اس طرف سے اپوزیشن بھی ہوئی تھی، جو جماعتی رابطوں کی وجہ سے دور کرنے کی کوشش کی گئی اور تقریباً دور ہو گئیں

اور پھر انصاراللہ کی اس علاقے میں جو چیریٹی واک ہوئی ہے اس نے بھی کافی اثر کیا اور اس علاقے کے لوگوں کے شبہات کو دور کر دیا ہے۔ پس اس کو مزید مضبوط کرنا بھی آپ لوگوں کا، خاص طور پر ڈیوٹی دینے والوں کا کام ہے۔ یہ خیال رکھیں کہ ٹریفک بھی صحیح طرح کنٹرول ہو رہا ہو، لوگوں کی صحیح رہنمائی بھی ہو رہی ہو، علاقے کے لوگ بھی اگر آئیں تو ان پر بھی نیک اور اچھا اثر قائم ہو، تاکہ وہ آئندہ وقت میں بھی کسی قسم کے مسائل کھڑے نہ کریں۔ اس لئے بعض دفعہ ڈیوٹی دینے والے اوور ایکسائیٹڈ (Over excited) ہو جاتے ہیں، دیکھتے ہی نہیں کہ سامنے کون ہے۔ کسی وجہ سے ٹریفک کنٹرول کرتے کرتے بعضوں سے زیادتی ہو بھی جاتی ہے تو اس بارے میں بڑی احتیاط کریں اور پہلے سے بڑھ کر اپنے نمونے دکھائیں۔ عموماً تو اللہ کے فضل سے سارے ہی بڑے ٹرینڈ (Trained) ہیں اور اچھی ڈیوٹیاں دینے والے ہیں۔

اس دفعہ بعض ڈیوٹیاں تقسیم بھی ہوئی ہیں۔ گزشتہ سال بھی، رشمور میں جلسے کی وجہ سے ہوئی تھیں۔ کچھ رہائش کا اور کچھ کھانے کے انتظامات کا انتظام اسلام آباد میں بھی ہوگا۔ اس لئے اس بات کا خیال رکھیں کہ اسلام آباد کے ماحول میں بھی اپنی ان روایات کو قائم رکھنا ہے جو ہمیشہ سے ہمارے کارکنان کا خاصّہ رہی ہیں۔ وہاں کے لوگوں کو بھی کسی قسم کی شکایت نہ ہو۔ عموماً وہاں لمبے عرصے تک بعض لوگوں کو شکایتیں ہوتی رہتی ہیں، کچھ تو تنگ کرنے کے لئے بھی کرتے ہیں لیکن ہمیں کسی کو بھی موقع نہیں دینا چاہئے۔ ہو سکتا ہے کہ دو جگہوں پر تقسیم ہونے کی وجہ سے بعض صیغوں کے جو افسران ہوں ان سے ہر وقت رابطہ نہ ہو سکے کہ وہ اسلام آباد میں نہ ہوں، تو اس صورت میں ہر کارکن کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ وہ ذمہ دار ہے اور پہلے سے بڑھ کر اپنے فرائض ادا کرنے کی کوشش کرے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو توفیق دے کہ سب احسن رنگ میں جلسہ کی ڈیوٹیاں ادا کر سکیں اور حضرت مسیح موعود کے اس جلسے پر آنے والے مہمانوں کو آپ لوگوں میں سے کسی سے بھی کسی قسم کی کوئی شکایت نہ ہو۔ **ہمیشہ یاد رکھیں کہ ہمارا سب سے بڑا ہتھیار دعا ہے اس لئے ہمیشہ ہر وقت اپنے آپ کو دعا میں مصروف رکھیں اور اپنے کسی اچھے کام کو اپنے تجربے یا علم پر محمول نہ کریں کہ یہ کام میرے تجربے یا علم کی وجہ سے ہوا ہے بلکہ ہر اچھا کام جو ہم میں سے کوئی بھی انجام دیتا ہے یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے ہے۔ اس لئے اس کے فضلوں کو سمیٹنے کے لئے اس کے حضور جھکنا بہت ضروری ہے۔**

پس ان دنوں میں جہاں آنے والوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ بھی دعاؤں میں وقت گزاریں وہاں کارکنان کو بھی اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اپنے اس خدا کو کبھی نہ بھولیں جو ہمیشہ ہماری مدد فرماتا رہا ہے۔ افسران صیغہ جات بھی یاد رکھیں کہ وہ اس افسری کے ذریعہ سے قوم کی خدمت پر مامور کئے گئے ہیں۔ جہاں انہوں نے اپنے کام کا جائزہ لینا ہے وہاں تربیتی لحاظ سے اپنے کارکنان کا بھی جائزہ لیتے رہنا ہے اور ہر وقت یہ کوشش کرنی ہے کہ مہمانوں کے لئے زیادہ سے زیادہ آسانیاں پیدا کرنے والے ہوں اور دعاؤں پر زور دیتے ہوئے اپنے کام انجام دینے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

اس وقت ہمارے پاس ایک معزز مہمان ہیں۔ مہمانوں کی مہمان نوازی کا ذکر چل رہا ہے تو **اللہ تعالیٰ نے آج ایک معزز مہمان دیئے ہیں، یہ الحاج ڈاکٹر احمد تیجان کاباصاحب ہیں جو سیرالیون کے صدر مملکت ہیں۔ وہ یہاں دورے پر آئے ہوئے تھے تو انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ جمعہ ہمارے ساتھ (۔) میں پڑھیں گے۔** اللہ تعالیٰ ان کی نیک خواہشات کو پورا کرے اور ان کو جزا دے اور ان کے ملک میں امن اور سلامتی کے مستقل حالات پیدا کرے۔ اور ان دنوں میں یہ بھی دعا کریں، دعائیں تو اب شروع ہو جانی چاہئیں، جلسے کے دنوں میں بھی ہوتی رہیں گی، اللہ تعالیٰ تمام دنیا کو اپنی پہچان کرواتے ہوئے اور ایک دوسرے کی پہچان کرواتے ہوئے امن اور آشتی اور صلح کے ساتھ رہنے کی توفیق عطا کرے۔

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

ڈاکٹر محمد انور (گوگا) صاحب کا ذکرِ خیر

3 مئی 2006ء کو ڈاکٹر محمد انور صاحب (گوگا) سیکرٹری دعوت الی اللہ ضلع جہلم و ناظم انصاراللہ ضلع جہلم کی منگلا کینٹ میں وفات ہوگئی۔

ڈاکٹر محمد انور گوگا صاحب جہلم کے ایک سرکاری ہسپتال میں ملازمت کرتے تھے۔ ان کا تعلق جہلم کے ہی ایک پرانے احمدی خاندان سے تھے۔ جہلم میں ہی پیدا ہوئے۔ وہیں پڑھائی کی اور سروس کی۔ خدام الاحمدیہ کے دور میں قائد ضلع جہلم کے طور پر خدمت کی توفیق ملتی رہی۔ اپنے پروفیشن کی مناسبت سے ڈاکٹر کہلاتے تھے اور Athletics اور ریسلنگ کا شوق بھی رکھتے تھے۔ اس وجہ سے گوگا کہلاتے تھے۔ ان سے تعارف منگلا میں ہوا جہاں خاکسار کو چند ماہ رہنے اور انہیں قریب سے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ منگلا میں صدر تو کرنل ڈاکٹر محمد علی صاحب تھے انہی کی رہائش گاہ پر مغرب اور عشاء کی نمازیں ہوتی تھیں لیکن جمعہ محترم ڈاکٹر محمد انور صاحب (گوگا) مرحوم کے گھر پر ہوتا تھا۔ موصوف کی بیگم آرمی میڈیکل کور میں میجر نرس تھیں اور ان کو وہاں سرکاری رہائش ملی ہوئی تھی۔ اگرچہ کرنل ڈاکٹر محمد علی صاحب بھی ریٹائر ہو چکے تھے اور بیگم ڈاکٹر محمد انور صاحب گوگا بھی ریٹائر ہو چکی تھیں ان کی رہائش گاہ پر اکثر مغرب وعشاء کی نمازوں پر ڈاکٹر محمد انور گوگا صاحب سے ملاقات ہوتی تھی۔ ان کا معمول یہ تھا کہ روزانہ اپنی ڈیوٹی کے لئے منگلا سے جہلم جاتے تھے اور سرکاری کام کے بعد جماعتی کام کرتے اور کبھی مغرب سے پہلے اور کبھی مغرب کے بعد واپس منگلا پہنچتے۔ جب مغرب سے پہلے پہنچتے تو باجماعت نمازوں میں ضرور شرکت کرتے اور ہر بار کوئی نہ کوئی امیر صاحب ضلع کا پیغام یا مرکزی تحریک کا اعلان لے کر آتے۔ رپورٹیں لے کر جاتے اور چندے وصول کر کے عموماً خود یا کسی کے ہاتھ دستی مرکز بھیجتے۔ ضلع میں دورے کرتے اور ہر ماہ ہی تقریباً مرکز میں ان کا چکر لگتا اور یوں لگتا کہ مشین ہیں مسلسل کام کر رہے ہیں۔ تھکتے نہیں آرام کی بالکل پرواہ نہیں کرتے تھے۔ ضلع جہلم اور منگلا اور مرکز اور ضلع اور منگلا کے درمیان ایک لحاظ سے Coordinator تھے۔ آرام بالکل نہیں کرتے تھے۔ ایک بار ان کا حادثہ ہو گیا رات بھر ملٹری ہسپتال منگلا کینٹ میں داخل رہے اور صبح ایک ہاتھ پر پٹی باندھی ہوئی ہے اور دوسرے ہاتھ میں بیگ لے کر جہلم ڈیوٹی کے لئے روانہ ہو رہے ہیں۔ ان کے گھر اور سڑک کے درمیان ایک سے دو کلومیٹر کے درمیان فاصلہ ہے۔ خاکسار نے انہیں اپنے ساتھ جیپ پر ساتھ بٹھا لیا اور عرض کیا کہ کل خاکسار بھی آپ کے ساتھ ہسپتال تک گیا تھا آپ کی طبیعت بہت خراب تھی۔ آج تو آپ کو آرام کرنا چاہئے تھا کہنے لگے کہ X-Ray کروانے اور ٹیکے وغیرہ لگوانے کے بعد میری طبیعت سنبھل گئی تھی اور ہسپتال والوں نے گھر جانے کی اجازت دے دی تھی اور اب چونکہ میں کوئی خاص تکلیف محسوس نہیں کر رہا اس لئے میں نے چھٹی کرنی مناسب نہیں سمجھی۔

بہرحال وہ کسی طرح Convince نہ ہوئے اور مین روڈ پر اتر گئے اور ویگن پر بیٹھ کر جہلم چلے گئے۔

ایک بار خاکسار کو انہوں نے جہلم چپ بورڈ فیکٹری کی بیت میں داعیان کی ایک کلاس کے بعد جہلم کے ان مقامات کی زیارت کروائی جہاں حضرت مسیح موعود ایک مقدمے کے سلسلہ میں غالباً 1903ء میں جہلم تشریف لے گئے تھے۔ کچہری جہاں حضور کی پیشی تھی اور وہ جگہ جہاں حضور نے رہائش رکھی تھی۔ ان تمام مقامات پر جا کر ہم نے اکٹھے دعا کی۔ پھر ہم حضرت مولوی برہان الدین صاحب کے مزار پر گئے وہاں بھی دعا کی اور اس طرح بھرپور دن ان کے ساتھ جہلم میں گزرا۔ یہ ان کا خاکسار پر بہت احسان ہے۔ خاکسار 2005ء کے جلسہ سالانہ قادیان پر گیا تو واپسی پر خاکسار سے حضور سے ملاقات اور وہاں کے حالات سنتے رہے اور لطف اندوز ہوتے رہے۔ خاکسار یکم مارچ 2006ء کو ربوہ آگیا لیکن کسی نہ کسی طرح منگلا سے تعلق قائم رہا۔

آپ خلافت اور جماعتی نظام کے بہت وفادار تھے۔ اطاعت کا مادہ بے حد تھا۔ امیر صاحب کا بہت احترام کرتے تھے اور سارے جماعتی کاموں میں نہ صرف حصہ لیتے بلکہ سبھی کو مطلع بھی کرتے اور ساتھ شامل بھی کرواتے۔ بہت مہمان نواز تھے۔ بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ ہنس مکھ، ملنسار اور نہایت ہمدردی رکھنے والے نافع الناس وجود تھے۔ اللہ ان کے ساتھ مغفرت اور رحمت کا سلوک کرے اور جنت الفردوس کے اعلیٰ علیّین میں جگہ دے۔ آمین۔ ان کے اہل وعیال کے لئے بالخصوص بہت کڑی آزمائش ہے۔ ایک بیٹا اور تین بیٹیاں ہیں۔ ابھی سب زیرِ تعلیم ہیں۔ مرحوم کی وفات کے وقت عمر 54 سال تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کے لواحقین کا خود کفیل اور حافظ و ناصر ہو اور ان کی نیکیوں کو زندہ رکھنے والا ہو۔ آمین۔

وقف عارضی کا جذبہ

ایک ناصر چوکیدار کی آسامی پر کام کر رہے تھے حضور کی تحریک وقف عارضی کی اطلاع پا کر انہوں نے وقف عارضی کرنے کا ارادہ کر لیا ان کو انتباہ کیا گیا کہ تمہاری نوکری جاتی رہے گی مگر انہوں نے اس کی پرواہ نہ کی اور وقف عارضی پر چلے گئے۔

(قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61340 میں نصیباں بی بی

بیوہ نذیر احمد مرحوم قوم آرائیاں پیشہ خانہ داری عمر 71 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 45-870 گرام مالیتی -/48622 روپے۔ 2۔ زرعی اراضی ڈیڑھ ایکڑ واقع چک نمبر 100 رُڑ کا ضلع فیصل آباد جس میں 4 بیٹے 3 بیٹیاں حصہ دار ہیں۔ 3۔ حق مہر ادا شدہ -/32 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور حصہ از ٹھیکہ زمین مبلغ .... روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ نصیباں بی بی گواہ شد نمبر 1 فیاض احمد چوہدری وصیت نمبر 37148 گواہ شد نمبر 2 مقصود احمد ولد نذیر احمد مرحوم

مسل نمبر 61341 میں صباء نورین

بنت رانا اسد اللہ خان قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-5-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 12-570 گرام مالیتی -/12821 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ صباء نورین گواہ شد نمبر 1 فیاض احمد چوہدری وصیت نمبر 37148 گواہ شد نمبر 2 رانا سمیع اللہ ولد رانا اسد اللہ

مسل نمبر 61342 میں محمود احمد

ولد نذیر احمد قوم گجر پیشہ ملازمت عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی احمد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 20-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی مکان 10 مرلہ۔ 2۔ نقد رقم -/150000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3380+3200 روپے ماہوار بصورت الاؤنس + پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمود احمد گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد طاہر ولد فضل احمد مرحوم گواہ شد نمبر 2 راجہ محمد اکبر اقبال وصیت نمبر 25655

مسل نمبر 61343 میں نسیمہ شاہین بٹ

زوجہ عابد احمد قوم بٹ پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 18-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور ڈیڑھ تولہ مالیتی -/12000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/25000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ نسیمہ شاہین بٹ گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد طاہر وصیت نمبر 33328 گواہ شد نمبر 2 راجہ محمد اکبر اقبال وصیت نمبر 25655

مسل نمبر 61344 میں انور احمد تبسم

ولد سراج دین مرحوم قوم آرائیں پیشہ کارکن عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر غربی الف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5224 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد انور احمد تبسم گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد طاہر وصیت نمبر 33328 گواہ شد نمبر 2 چوہدری اللہ دتہ پنوں ولد چوہدری محمد خاں پنوں

مسل نمبر 61345 میں اظہر احمد طاہر

ولد عبد الستار قوم گوندل پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد اظہر احمد گوندل گواہ شد نمبر 1 محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 اسمعیل عبد الماجد ولد قریشی غلام احمد

مسل نمبر 61346 میں مبارکہ افتخار

